**19.03.2026**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں .................. شگفتہ یاسمین
**Music**

--------------------------------

☆ **BJP** نے آسام اسمبلی انتخابات کیلئے 88 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما، **Jalukbari** حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔

☆ پارٹی نے کیرالہ اسمبلی انتخابات کیلئے بھی 39 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر میں پوجا ارچنا کی۔ انہوں نے مندر میں شری رام یَنتر بھی نصب کیا۔

☆ وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ **MSMEs**، ملک میں دفاعی ساز و سامان کی مینوفیکچرنگ کے شعبے میں ایک اہم ستون کے طور پر ابھر رہے ہیں۔

☆ حکومت نے مغربی ایشیا جنگ سے متاثرہ بھارتی برآمد کاروں کی مدد کیلئے برآمدات کے فروغ سے متعلق اسکیم کی خاطر پائیدار اور **Logistic** اقدامات کا آغاز کیا ہے۔

☆ آج ملک کے مختلف حصوں میں نئے سال کے تہوار چیتر نوراتری، چیتر **Shukladi**، **Ugadi**، **Gudi Padwa**، **Cheti Chand**، **Navreh** اور **Sajibu Cheiroba** منائے جارہے ہیں۔

☆ اور آج فرانس میں، **Orleans** ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے آیوش شیٹی کا مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں جاپان کے **Yudai Okimoto** سے مقابلہ ہوگا۔

-----------------------------------

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**BJP Assam List**

آج **BJP** نے آسام اسمبلی انتخابات کیلئے 88 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر ہیمنت بسوا سرما، **Jalukbari** حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ لوک سبھا کے سابق رکنِ پارلیمنٹ ڈاکٹر راج دیپ رائے سلچر سے، جبکہ راجیہ سبھا کے موجودہ رکنِ پارلیمنٹ رامیشور تیلی، **Duliajan** سیٹ سے چناؤ میدان میں ہیں۔ **BJP** کے سابق ریاستی صدر رنجیت کمار داس، **Bhowanipur-Sobhog** سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ موجودہ اسمبلی میں اسپیکر **Biswajit Daimary**، تمال پور حلقے سے امیدوار ہیں۔ آسام میں واحد مرحلے کے تحت 9 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ **x**

**BJP 2nd List Kerala**

آج BJP نے کیرالہ اسمبلی انتخابات کیلئے 39 امیدواروں کی اپنی دوسری فہرست جاری کی ہے۔ BJP کے سابق ریاستی صدر Kummanam راج شیکھرن، ارون مالا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔ پارٹی نے Kasaragod سے اشونی ایم ایل کو، Kongad سے رینو سریش کو اور Changanassery سے بی رادھا کرشنا مینن کو چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ کل نئی دلّی میں BJP کی چناؤ سے متعلق مرکزی کمیٹی کی میٹنگ میں، اِن ناموں کا فیصلہ کیا گیا۔ اِس ہفتے کے شروع میں پارٹی نے کرالہ اسمبلی انتخابات کیلئے 47 امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کی تھی۔ کیرالہ میں واحد مرحلے کے تحت آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو اسمبلی چناؤ ہوں گے۔ x

**BJP by Election List**

BJP نے مختلف ریاستوں میں آئندہ ضمنی انتخابات 2026 کیلئے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کردیا ہے۔ پارٹی کے مطابق رِتیش رَوی نائک گوا میں Ponda اسمبلی سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

ناگالینڈ میں Daochier I. Imchen،

Koridang اسمبلی (ST) حلقے سے انتخابی میدان میں ہیں۔ کرناٹک میں پارٹی نے باگل کوٹ اسمبلی سیٹ سے Veerabhadrayya Charantimath کو چناؤ میدان میں اتارا ہے، جبکہ Davanagere ساؤتھ اسمبلی حلقے سے سری نِواس ٹی Dasakariyappa چناؤ لڑیں گے۔

تری پورہ میں دھرما نگر اسمبلی حلقے سے پارٹی نے Jahar Chakraborti کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔

کل BJP کے صدر Nitin Nabin کی زیرِ صدارت پارٹی کی انتخابات سے متعلق مرکزی کمیٹی کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔

اِس میٹنگ میں وزیرِ اعظم نریندر مودی، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیرِ داخلہ امت شاہ اور کمیٹی کے دیگر ممبران نے شرکت کی۔x

**President Ayodhya**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج ایودھیا میں کا دورہ کیا اور شری رام جنم بھومی مندر میں پوجا ارچنا کی۔ انہوں نے خصوصی مذہبی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر 150 کلو گرام وزن کے سونے کے جڑاؤ والے شری رام ینتر کو بھی نصب کیا۔

**S/B: President**

یہ ینتر ویدک میتھ میٹکس پر مبنی ہے اور اسے مثبت روحانی توانائی پیدا کرنے کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور یہ بھگوان رام کی روحانی موجودگی کی علامت بھی ہے۔ 150 کلو گرام کے سونے کے جڑاؤ والے اِس ینتر پر وید اور Beej کے منتر کُھدے ہوئے ہیں۔ تقریباً 6 ہزار ورکروں اور دستکاروں کو، جنھوں نے مندر کی تعمیر میں اپنا تعاون دیا تھا، اِس تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ صدرجمہوریہ آج صبح مہا رِشی والمیکی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر ایودھیا پہنچی تھیں۔ اِس موقع پر پورے شہر کو سجایا گیا ہے۔

انتظامیہ نے سکیورٹی، صفائی ستھرائی اور ٹریفک کے خصوصی بندوبست کئے ہیں۔ صدر مرمو آج سے اترپردیش کے تین دن کے دورے پر ہیں۔x

**Rajnath Defence Conclave**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ MSMEs ملک کے دفاعی مینوفیکچرنگ سیکٹر کے ایک اہم ستون کے طور پر اُبھر رہی ہیں۔ نئی دِلی میں دفاعی صنعتوں سے متعلق قومی Conclave سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ کاروباری افراد، اسٹارٹ اَپس اور جدت طراز بھارت کی ٹیکنالوجی کی صلاحیتوں کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کررہے ہیں، جن سے قومی معیشت کو خاطرخواہ فائدہ پہنچ رہا ہے۔ وزیردفاع نے Defence Excellence پلیٹ فارم کیلئے جدت طرازی کی اہمیت کو اُجاگر کیا، جس سے مسلح افواج کیلئے اختراعی حل تیار کرنے کی غرض سے اسٹارٹ اَپس اور MSMEs کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ پورٹل جدت طرازوں اور صنعتکاروں کیلئے دفاعی شعبے میں براہِ راست تعاون کیلئے مواقع فراہم کرتا ہے۔
اختراعی ٹیکنالوجیز اسکیم کی تیز رفتار ترقی کا ذکر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہاکہ اِس پہل کا مقصد صنعت، اسٹارٹ اَپس اور تحقیقی اداروں کے درمیان اشتراک کو مستحکم کرنا ہے، تاکہ جدید دفاعی ٹیکنالوجیز کو فروغ دیا جاسکے۔ MSMEs کو معیشت کا ستون قرار دیتے ہوئے وزیردفاع نے زور دے کر کہا کہ چھوٹی صنعتوں کو بڑے دفاعی پروگراموں کے ساتھ مربوط کیا جانا جدت طرازی کے رفتار کو تیز کرنے کیلئے ضروری ہے۔

**S/B: Rajnath Innovtation**

انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ بھارت کی تیاری اور Strategic خودمختاری کیلئے ضروری ہے کہ ملک ڈرون کی تیاری میں خودکفیل بنے۔×

**Rev DGFT**

حکومت نے مغربی ایشیا کی جنگ سے متاثر ہونے والے بھارتی برآمدکاروں کی مدد کی غرض سے برآمدات کے فروغ کیلئے Resilience and Logistic Intrvention اسکیم کا آغاز کیا ہے۔ نئی دِلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کامرس سکریٹری راجیش اگروال نے آج کہا کہ حکومت جنگ کے پیش نظر برآمدکاروں کی مدد کیلئے اہم وزارتوں اور بیرونِ ملک مشنوں کے ساتھ اشتراک کررہی ہے۔ جناب اگروال نے کہاکہ کامرس کے محکمے کے تحت ایک بین وزارتی گروپ قائم کیا گیا ہے۔
حکومت کی کوششوں کے بارے میں تفصیل بتاتے ہوئے بیرونی تجارت کے ڈائریکٹر جنرل Luv اگروال نے کہا ہے کہ برآمدات کے شعبے کو درپیش چیلنجوں کا جائزہ لینے اور بروقت مدد فراہم کرنے کی غرض سے باقاعدہ میٹنگیں کی جارہی ہیں۔ اُنہوں نے کہاکہ برآمدکاروں کو مغربی ایشیا کے اہم مراکز میں رخنہ اندازی کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔

**S/B: Luv Agarawal**

**Prez-VP-PM Greetings**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی-پی-رادھاکرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نےChaitra نوراتری، Chaitra Shuklaadi، Ugadi، Gudi Padwa، Cheti Chand، Navreh اور Sajibu Cheiroba کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر مرمو نے کہا ہے کہ ملک کے مختلف خطوں میں یہ تہوار نئے سال کی آمد کا خیرمقدم کرنے کیلئے منائے جاتے ہیں اور یہ بھارت کی شاندار ثقافتی گوناگونیت کی بہترین علامت ہیں۔
نائب صدرجمہوریہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں منائے جانے والے یہ تہوار روایتی نئے

سال کے آغاز کی علامت ہیں اور اِن سے بھارت کے شاندار ثقافتی ورثے اور کثرت میں وحدت کی عکاسی ہوتی ہے۔
وزیراعظم نے اپنے پیغام میں دعا کی ہے کہ یہ تہوار سب کیلئے مسرت، خوشحالی اور اچھی صحت لے کر آئیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ یہ تہوار نئے سال کی آمد کی علامت ہیں، جو اپنے ساتھ امید اور نئے امکانات لے کر آتے ہیں۔×

**Badminton**

آج فرانس میں، **Orleans** ماسٹرس بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے آیوش شیٹی کا مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں جاپان کے **Yudai Okimoto** سے مقابلہ ہوگا۔ کل شام آیوش شیٹی اپنے ہم وطن کھلاڑی کرن جارج کو ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچے ہیں۔
خواتین کے سنگلز میں انمول کھرب کا مقابلہ تنوی شرما سے، جبکہ مالویکا بنسوڑ کا مقابلہ ملیشیا کی **Wong Ling Ching** سے ہوگا۔ ایشا رانی **Baruah** بھی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں اور اسی مقام پر اب اُن کا مقابلہ کناڈا کی کھلاڑی سے ہوگا۔ **x**

☆☆☆☆☆☆